٤٦- أخبرني سالم بن عبد الله يعني ابن عمر قال:

نعمان بن ثابت کے بغل میں نماز پڑھ رہا تھا، میں نے رفع یدین کیا، انہوں نے کہا کہ مجھے خوف ہوا کہ تم اڑنے والے ہو، میں نے کہا کہ اگر میں پہلی بار (یعنی تکبیر تحریمہ کے وقت جب ہاتھ اٹھایا تھا) میں نہیں اڑا تو دوسری بار میں بھی نہیں اڑوں گا۔

وکیع کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ابن مبارک پر رحم کرے ان کی حاضر جوابی سے ان کا مدمقابل حیران رہ گیا۔ یہ ان لوگوں کے مشابہ ہے جو اپنی گمراہی میں حد سے تجاوز کر جاتے ہیں اگر ان کی مدد نہ کی جائے (اور ہلاکت سے انہیں نہ بچایا جائے)۔

۴۶- سالم بن عبد اللہ بن عمرؓ نے بیان کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو

٤٦-حدثنا عبد الله بن صالح حدثني الليث حدثني يونس عن ابن شهاب أخبرني سالم بن عبد الله يعني ابن عمر (الحديث ضعيف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

رأيت رسول الله إذا قام إلى الصلاة رفع يديه حتى يكونا حذو منكبيه ثم يكبر و يفعل حين يرفع رأسه من الركوع و يقول سمع الله لمن حمده ولا يرفع حين يرفع رأسه من السجود.

٤٧ - محارب بن دثار قال: رأيت عبد الله بن عمر إذا افتتح الصلاة كبر و رفع يديه و إذا أراد أن يركع رفع يديه و إذا رفع رأسه من الركوع.

دیکھا جب آپؐ نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے مونڈھوں کے برابر اٹھاتے پھر اللہ اکبر کہتے اور جب آپؐ رکوع سے سر اٹھاتے اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو رفع یدین کرتے اور جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو ہاتھوں کو نہیں اٹھاتے تھے۔

۴۷- محارب بن دثار نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر کو دیکھا جب وہ نماز شروع کرتے تو اللہ اکبر کہتے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اوپر اٹھاتے اور جب رکوع میں جانے کا ارادہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

---

٤٧ --حدثنا أبو النعمان حدثنا عبد الواحد بن زياد حدثنا محارب بن دثار (الحديث موقوف لكنه جاء متصلا تحت رقم: ٢، ٤٠، ٥١)

Www.IslamicBooks.Website

٤٨ –عن ابن عمر أنه كبر و رفع يديه و إذا ركع رفع يديه و إذا قال سمع الله لمن حمده رفع يديه، و يرفع ذلك ابن عمر إلى النبي ﷺ.

۴۸- حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے تکبیر (تحریمہ) کہی اور اپنے ہاتھوں کو اٹھایا اور جب رکوع کیا تو اپنے ہاتھوں کو اٹھایا اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہا تو اپنے ہاتھوں کو اٹھایا۔

اور ابن عمرؓ اسے نبی ﷺ سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں۔

٤٩ – عن ابن الزبير قال: رأيت ابن عمر حين قام إلى الصلاة رفع يديه حتى يحاذى بأذنيه و حين يرفع رأسه من الركوع فاستوى قائما فعل مثل ذلك.

۴۹- ابن زبیرؓ نے بیان کیا کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کو دیکھا جب وہ نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو اپنے کانوں کے برابر اٹھاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے اور سیدھے کھڑے ہوتے تو اسی طرح کرتے تھے۔

---

٤٨ –حدثنا العباس بن الوليد حدثنا عبد الأعلى حدثنا عبيد الله عن نافع عن ابن عمر. (الحديث صحيح بهذا السند)

٤٩ –حدثنا ابراهيم بن المنذر حدثنا معمر حدثنا إبراهيم بن طهمان عن ابن الزبير. (الحديث موقوف بهذا السند لكنه متصلا تحت رقم: ٢، ٤٠، ٥١)

Www.IslamicBooks.Website

٥٠-عـن نـافـع أن عبدالله رضى الله عنه كـان إذا استقبل الصلاة يـرفع يديه و إذا ركع و إذا رفع رأسه من الركوع و إذا قام من السجدتين كبر و رفع يديه.

٥١-عن ابن عمر أن رسول الله ﷺ كان إذا كبر رفع يديه و إذا رفع رأسه من الركوع.

٥٢-مكرر.

۵۰-نافع کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور جب رکوع میں جاتے اور رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور جب دونوں سجدوں سے (یعنی دو رکعتیں مکمل کر کے) کھڑے ہوتے تو اللہ اکبر کہتے اور اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۵۱-حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ جب تکبیر (تحریمہ) کہتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۵۲-دوبارہ

٥٠- حدثنا عبد الله بن صالح حدثنا الليث حدثني نافع. (الحديث موقوف بهذا السند)

٥١-حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا حماد بن سلمة عن أيوب عن نافع عن ابن عمر. (الحديث صحيح بهذا السند)

٥٢-حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا حماد بن سلمة عن أيوب عن نافع عن ابن عمر. (الحديث صحيح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

٥٣-عـن مـالك بـن الحويرث أن النبي ﷺ كان إذا دخل فى الصلاة رفع يديه إلى فروع أذنيه و إذا رفع رأسه من الركوع فعل مثله.

۵۳- مالک بن حویرثؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو کان کے اوپر کے حصے تک اٹھاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اسی طرح کرتے تھے۔

٥٤-حدثنا محمود و قال ابن علية أنبأنا خالد أن أبا قلابة كان يرفع يديه إذا ركع و إذا رفع رأسه من الركوع و كان إذا سجد بدأ بركبتيه، و كان إذا قام أرم على يديه قال و كان يطمئن فى الركعة الأولى ثم يقوم.

۵۴-ہم سے محمود نے بیان کیا اور ابن علیہ کہتے ہیں کہ ہمیں خالد نے خبر دیا کہ ابوقلابہ جب رکوع میں جاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے اور جب سجدہ میں جاتے تو اپنا گھٹنا پہلے زمین پر رکھتے اور جب کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے اور پہلی رکعت میں اطمینان سے بیٹھتے پھر کھڑے ہوتے۔

٥٣-حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا حماد بن سلمة أنبأنا قتادة عن نصر بن عاصم عن مالك بن الحويرث

Www.IslamicBooks.Website

وذكر عن مالك بن الحويرث رضى الله عنه

٥٥-عن طاوس أن ابن عباس كان إذا قام إلى الصلاة رفع يديه حتى يحاذى أذنيه و إذا رفع رأسه من الركوع و استوى قائما فعل مثل ذلك.

٥٦- عن أبى هريرة رضى الله عنه قال: كان رسول الله يرفع يديه حذو منكبيه حين يكبر يفتتح الصلاة و حين يركع.

مالک بن حویرث سے بھی اسی طرح روایت آئی ہے۔

۵۵-حضرت طاؤس کہتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عباسؓ جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو اپنے کانوں کے برابر اٹھاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے اور سیدھے کھڑے ہو جاتے تب بھی ایسے ہی کرتے تھے۔

۵۶-حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول ﷺ اپنے ہاتھوں کو اپنے مونڈھوں کے برابر اٹھاتے تھے جب اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرتے اور جب رکوع میں جاتے۔

٥٥-أخبرنا عبد الله بن محمد أنبأنا ابو عامر حدثنا إبراهيم بن طهمان عن أبى الزبير عن طاوس أن ابن عباس (الحديث موقوف بهذا السند)

٥٦-حدثنا محمد بن مقاتل أنبأنا عافية أنبأنا إسماعيل حدثنى صالح ابن كيسان عن الأعرج عن أبى هريرة. (الحديث حسن بهذا السند)

٥٧- عن نافع أن عبدالله ابن عمر رضى الله عنه كان إذا افتتح الصلاة رفع يديه حذو منكبيه و إذا رفع رأسه من الركوع.

۵۷- حضرت نافع کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز شروع کرتے تو اپنے ہاتھوں کو اپنے مونڈھوں کے برابر اٹھاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو بھی اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

٥٨-أنبأنا عبد الله بن عجلان قال: سمعت النعمان بن أبى عياش يقول: لكل شئ زينة و زينة الصلاة أن ترفع يديك إذا كبرت و إذا ركعت و إذا رفعت رأسك من الركوع.

۵۸-عبداللہ بن عجلان نے بیان کیا کہ میں نے نعمان بن ابی عیاش سے سنا، وہ کہہ رہے تھے کہ ہر چیز کیلئے زینت ہے اور نماز کی زینت یہ ہے کہ جب تم تکبیر (تحریمہ) کہو اور جب رکوع کرو اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاؤ تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاؤ۔

٥٩- عن القاسم بن

۵۹-قاسم بن مخیمرہ سے روایت

٥٧- حدثنا إسماعيل عن نافع. (الحديث موقوف بهذا السند)

٥٨-حدثنا محمد بن مقاتل أنبأنا عبد الله بن عجلان قال سمعت النعمان بن ابى عياش يقول: (الاثر سنده حسن)

٥٩- حدثنا محمد بن مقاتل أنبأنا عبد الله أنبأنا الأوزاعى حدثنى حسان بن عطية عن القاسم بن مخيمرة. (الاثر بهذا السند صحيح)

Www.IslamicBooks.Website

مخيمرة قال: رفع الأيدى للتكبير قال أراه حين ينحني.

٦٠-عن عطاء قال رأيت جابر بن عبد الله و أباسعيد الخدرى و ابن عباس و ابن الزبير يرفعون أيديهم حين يفتتحون الصلاة و إذا ركعوا وإذا رفعوا رؤوسهم من الركوع.

٦١-انبأنا عكرمة بن عمار قال:رأيت سالم بن عبد الله و القاسم بن محمد و عطاء و مكحولا يرفعون أيديهم فى

ہے انہوں نے کہا: ہاتھوں کو تکبیر کے وقت اٹھانا، میرا خیال ہے یہ اس وقت ہے جب آدمی جھکنے لگے۔

۶۰-عطاء نے بیان کیا کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ، حضرت ابوسعید خدری، حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم کو دیکھا وہ اپنے ہاتھوں کو اس وقت اٹھاتے تھے جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے۔

۶۱-عکرمہ بن عمار کہتے ہیں کہ میں نے سالم بن عبد اللہ، قاسم بن محمد، عطاء اور مکحول کو دیکھا وہ نماز میں جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے اٹھتے تو اپنے

٦٠-حدثنا مقاتل عن عبد الله أنبأنا شريك عن ليث عن عطاء. (الاثر بهذا السند ضعيف لكنه فى الشواهد)

٦١-حدثنا محمد بن مقاتل أنبأنا عبد الله أنبأنا عكرمة بن عمار. (الاثر حسن بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

الصلاة إذا ركعوا و إذا رفعوا.

٦٢-عن ليث عن عطاء و مجاهد أنهما كانا يرفعان أيديهما في الصلاة، و كان نافع و طاوس يفعلانه.

٦٣-و عن ليث عن ابن عمر و سعيد بن جبير و طاوس و أصحابه أنهم كانوا يرفعون أيديهم إذا ركعوا

٦٤- حدثنا عاصم قال رأيت أنس بن مالك إذا افتتح الصلاة كبر و رفع يديه و يرفع يديه

ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۶۲-لیث سے روایت ہے کہ مجاہد اور عطاء نماز میں اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور نافع و طاؤس بھی اسی طرح کرتے تھے۔

۶۳-لیث سے روایت ہے کہ ابن عمرؓ، سعید بن جبیر اور طاؤس اور ان کے ساتھی جب رکوع کرتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۶۴-عاصم نے بیان کیا کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ کو دیکھا جب وہ نماز شروع کرتے تو اللہ اکبر کہتے اور اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور جب

٦٢-و قال جرير عن ليث عن عطاء و مجاهد. (الأثر بهذا السند ضعيف)

٦٣- الأثر صحيح.

٦٤-حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا عبد الواحد بن زياد حدثنا عاصم. (الحديث بهذا السند موقوف على أنس و سنده صحيح)

Www.IslamicBooks.Website

كلما ركع و رفع رأسه من الركوع.

جب رکوع کرتے اور رکوع سے اپنا سر اٹھاتے اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

٦٥- عن مالك بن الحويرث قال: رأيت النبي ﷺ يرفع يديه إذا ركع و إذا رفع رأسه من الركوع حتى يحاذي بهما فروع أذنيه.

۶۵- مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپ جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اپنے کانوں کے اوپری حصے کے برابر اٹھاتے تھے۔

٦٦- و قال عبد الرحمٰن بن مهدي عن الربيع بن الصبيح قال: رأيت محمدا و الحسن و أبا نضرة و القاسم بن محمد و عطاء و طاوسا ومجاهدا و الحسن بن مسلم و نافعا و ابن أبي نجيح إذا افتتحوا الصلاة رفعوا أيديهم و إذا ركعوا و إذا رفعوا

۶۶- عبد الرحمٰن بن مہدی ربیع بن صبیح سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے محمد، حسن، ابونضرہ، قاسم بن محمد، عطاء، طاؤس، مجاہد، حسن بن مسلم، نافع اور ابن ابی نجیح کو دیکھا جب وہ نماز شروع کرتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے اور جب رکوع کرتے اور جب

٦٥- حدثنا خليفة بن خياط حدثنا يزيد بن زريع حدثنا سعيد عن قتادة أن نصر بن عاصم حدثهم عن مالك بن الحويرث رضي الله عنه. (الحديث بهذا السند حسن)

٦٦- الأثر صحيح.

Www.IslamicBooks.Website

رؤوسهم من الركوع.

٦٧-قال البخاری: وهؤلاء أهل مكة و أهل المدينة و أهل اليمن وأهل العراق قد تواطأوا على رفع الأيدی.

و قال و كيع عن الربيع قال: رأيت الحسن و مجاهدا و عطاء و طاوسا و قيس بن سعد والحسن بن مسلم يرفعون أيديهم إذا ركعوا وإذا سجدوا.

و قال عبد الرحمٰن بن مهدی هذا من السنة.

٦٨-وقال عمر بن يونس

رکوع سے سر اٹھاتے۔

٦٧- بخاریؒ کہتے ہیں کہ یہ مکہ، مدینہ، یمن اور عراق کے لوگ ہیں جن کا رفع یدین پر اتفاق ہے۔

وکیع ربیع سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے حسن، مجاہد، عطاء، طاؤس، قیس بن سعد اور حسن بن مسلم کو دیکھا کہ جب وہ رکوع اور سجدہ میں جانے لگتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں کہ یہ سنت ہے۔

٦٨-اور عمر بن یونس کہتے ہیں کہ

٦٧- الأثر حسن بهذا السند۔

٦٨-الأثر حسن بهذا السند۔

Www.IslamicBooks.Website

حدثنا عكرمة بن عمار قال: رأيت القاسم و طاوسا و مكحولا و عبد اللّٰه بن دينار و سالما يرفعون أيديهم إذا استقبل أحدهم الصلاة و عند الركوع و عند السجود.

ہم سے عکرمہ بن عمار نے بیان کیا کہ میں نے قاسم طاؤس، مکحول، عبد اللہ بن دینار اور سالم کو دیکھا وہ جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے اور جب رکوع اور سجدہ میں جانے لگتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

٦٩- و قال وكيع عن الأعمش عن إبراهيم أنه ذكر له حديث وائل بن حجر أن النبي ﷺ كان يرفع يديه إذا ركع و إذا سجد.

قال إبراهيم: لعله كان فعله مرة و هذا ظن منه لقوله فعله مرة، مع أن وائلا ذكر أنه رأى النبي ﷺ و أصحابه

٦٩- اور وکیع کہتے ہیں کہ اعمش سے روایت ہے کہ ابراہیم نخعیؒ نے ان سے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو بیان کیا کہ نبی ﷺ جب رکوع و سجدہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

ابراہیم نے کہا کہ شاید آپؐ نے ایک مرتبہ ایسا کیا ہو۔ انکا یہ کہنا کہ شاید آپؐ نے ایک ہی مرتبہ کیا ہو ان کا محض گمان ہے، کیوں کہ وائل بن حجرؓ نے یہ

٦٩- الحديث معلق بهذا السند.

Www.IslamicBooks.Website

غیر مرة یرفعون أیدیهم ولا یحتاج وائل إلی الظنون لأن معاینته أکثر من حسبان غیره.

بیان کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ اور آپؐ کے اصحابؓ کو کئی مرتبہ اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے ہوئے دیکھا ہے۔ اور وائل بن حجرؓ کو ان کے گمان کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ ان کا دیکھنا غیر کے گمان کرنے سے زیادہ اہم ہے۔

قال البخاری قد بینه زائدة.

امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ اس کو زائدہ نے بیان کیا ہے۔

۷۰-عن وائل بن حجر أخبره قال: قلت: لأنظرن إلی صلاة رسول الله ﷺ کیف یصلی فکبر و رفع یدیه فلما رکع رفع یدیه فلما رفع رأسه رفع یدیه بمثلها، ثم رأیتهم بعد ذلك فی زمان فیه برد، فرأیت الناس علیهم

۷۰- وائل بن حجرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سوچا کہ جا کر رسول اللہ ﷺ کی نماز کو دیکھوں کہ آپؐ کیسے پڑھتے ہیں، آپؐ نے اللہ اکبر کہا اور اپنے ہاتھوں کو اٹھایا پھر جب رکوع میں جانے لگے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا پھر جب اپنا سر اٹھایا تو اسی طرح اپنے ہاتھوں کو اٹھایا اس کے بعد پھر میں نے انہیں ٹھنڈی کے زمانے میں دیکھا وہ موٹے

۷۰-فقال حدثنا عاصم حدثنا أبی أن وائل بن حجر أخبره. (الحدیث حسن بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

جل الثياب تحرك أيديهم تحت الثياب.

فهذا وائل بين فى حديثه أنه رأى النبى ﷺ و أصحابه يرفعون أيديهم مرة بعد مرة.

کپڑے پہنے ہوئے تھے، ان کے ہاتھ کپڑے کے نیچے حرکت کرتے تھے۔

یہ وائل بن حجرؓ ہیں جنہوں نے اپنی حدیث میں یہ بیان کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ اور آپؐ کے اصحاب کو رفع یدین کرتے ہوئے یکے بعد دیگرے کئی مرتبہ دیکھا۔

٧١-عن عاصم بن كليب عن أبيه أنه سمعه يقول: سمعت وائل بن حجر يقول: قدمت المدينة لأنظرن إلى صلاة رسول الله ﷺ فافتتح الصلاة فكبر و رفع يديه فلما رفع رأسه رفع يديه.

۷۱- عاصم بن کلیب سے ان کے باپ نے بیان کیا کہ میں نے وائل بن حجرؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں مدینہ آیا تاکہ میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کو دیکھوں، آپؐ نے نماز شروع کی اور اللہ اکبر کہا اور اپنے ہاتھوں کو اٹھایا پھر جب (رکوع سے) آپؐ نے اپنا سر اٹھایا تو اپنے ہاتھوں کو اٹھایا۔

٧١-حدثنا عبد الله بن محمد حدثنا ابن ادريس الكوفى حدثنا عاصم بن كليب عن أبيه أنه سمعه يقول سمعت وائل بن حجر يقول. (الحديث حسن بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

٧٢-عن نافع أن عبد الله بن عمر كان إذا افتتح الصلاة رفع يديه و إذا رفع رأسه من الركوع.

۷۲-نافع نے بیان کیا کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

٧٣-عن حميد عن أنس أنه كان يرفع يديه عند الركوع.

۷۳-حمید نے بیان کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ جب رکوع میں جاتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

٧٤-حدثنا الحكم بن عتيبة قال: رأيت طاوسا يرفع يديه إذا كبر و إذا رفع رأسه من الركوع.

۷۴-حکم بن عتیبہ نے بیان کیا کہ میں نے طاؤس کو دیکھا، وہ جب تکبیر (تحریمہ) کہتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

قال البخاري: من زعم

امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ جو لوگ یہ

٧٢-حدثنا إسماعيل بن أبي أويس حدثنا مالك عن نافع. (الحديث موقوف لكنه جاء متصلا برقم: ٢، ٤٠، ٥١)

٧٣-حدثنا عياش حدثنا عبد الأعلى حدثنا حميد عن أنس. (الحديث موقوف بهذا السند لكنه جاء متصلا و جاء ايضا فى كتاب المحلى: ٤/٩٢)

٧٤-حدثنا آدم حدثنا شعبة حدثنا الحكم بن عتيبة. (الأثر حسن بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

أن رفع الأيدى بدعة فقد طعن فى أصحاب رسول الله ﷺ و السلف من بعدهم و أهل الحجاز و أهل المدينة و أهل مكة و عدة من أهل العراق و أهل الشام و اهل اليمن و علماء أهل خراسان، منهم ابن المبارك حتى شيوخنا عيسى بن موسى و أبو أحمد و كعب

کہتے ہیں کہ رفع یدین بدعت ہے، وہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ اور ان کے بعد آنے والے سلف صالحین اور حجاز، مدینہ، مکہ، عراق، شام، یمن اور خراسان کے علماء پر عیب لگاتے ہیں۔ جن میں عبد اللہ بن مبارک اور ہمارے شیوخ عیسیٰ بن موسیٰ، ابو احمد، کعب بن سعید، حسن بن جعفیر، محمد بن سلام، علی بن حسن، عبد اللہ بن عثمان، یحیٰ بن یحیٰ، صدقہ، اسحاق اور ابن مبارک کے اکثر ساتھی ہیں۔

بن سعيد و الحسن بن جعفير و محمد بن سلام إلا أهل الرأى منهم، و على بن الحسن و عبد الله بن عثمان و يحى بن يحى و صدقة و إسحاق و عامة أصحاب ابن المبارك.

و كان الثورى و وكيع و بعض الكوفيين لا يرفعون أيديهم و قد رووا فى ذلك

ثوری، وکیع اور بعض کوفہ کے علماء اپنے ہاتھوں کو نہیں اٹھاتے تھے اور انہوں نے اس سلسلے میں بہت سی حدیثیں روایت کی ہیں لیکن انہوں نے

Www.IslamicBooks.Website

أحاديث كثيرة ولم يعتبوا على من رفع يديه ولولا أنها حق ما رووا تلك الأحاديث أنه ليس لأحد أن يقول على رسول الله ﷺ ما لم يقل، ولم يفعل.

٧٥-لقول النبي ﷺ "من تقوّل عليّ ما لم أقل فليتبوأ مقعده من النار"

ولم يثبت عن أحد من أصحاب النبي ﷺ أنه لا يرفع يديه، وليس أسانيده أصح من رفع الأيدي.

٧٦-عن سالم بن عبد

ان لوگوں پر جو رفع یدین کرتے ہیں ناراضگی نہیں ظاہر کی ہے اور اگر رفع یدین حق نہ ہوتا تو وہ ان حدیثوں کی روایت نہ کرتے، اس لئے کہ کسی کیلئے یہ مناسب نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف ایسی بات منسوب کرے جو آپ نے نہیں کہی ہے اور جو کام آپ نے نہیں کیا ہے۔

۷۵- نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے اوپر ایسی بات گھڑی جسے میں نے نہیں کہی ہے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

نبی ﷺ کے کسی صحابی سے یہ ثابت نہیں کہ وہ اپنے ہاتھوں کو نہیں اٹھاتے تھے۔ اور اس کی سندیں رفع یدین کی احادیث کی سندوں سے زیادہ صحیح نہیں ہیں۔

۷۶-سالم بن عبد اللہ سے ان کے

٧٥- الحديث حسن بهذا السند.

٧٦-حدثنا محمد بن أبي بكر المقدمي حدثنا معتمر عن عبيد الله بن عمر عن ابن شهاب عن سالم بن عبد الله.عن أبيه عن النبي ﷺ (الحديث صحيح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

الله عن أبيه عن النبي ﷺ أنه كان يرفع يديه إذا دخل في الصلاة و إذا أراد أن يركع و إذا رفع رأسه و إذا قام من الركعتين يرفع يديه في ذلك كله و كان عبد الله يفعله.

٧٧-عن سالم عن أبيه قال: كان رسول الله ﷺ يرفع يديه إذا استفتح و إذا ركع رفع يديه و إذا رفع رأسه من الركوع.

٧٨-عن عبد الله بن عمر رضي الله عنه قال: كان رسول الله ﷺ إذا افتتح

باپ نے بیان کیا ہے کہ نبی ﷺ جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع میں جانا چاہتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے اور جب دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور عبد اللہؓ بھی اسی طرح کرتے تھے۔

۷۷-سالم اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع میں جانا چاہتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۷۸-حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع کرتے تھے تو اپنے ہاتھوں کو

٧٧-حدثنا قتيبة حدثنا هشيم عن الزهري عن سالم عن أبيه. (الحديث ضعيف بهذا السند)

٧٨-حدثنا عبد الله بن صالح حدثني الليث عن عقيل عن ابن شهاب قال: أخبرني سالم بن عبد الله أن عبد الله بن عمر قال: (الحديث ضعيف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

الصلاة رفع يديه حتى يحاذي بهما منكبيه و إذا أراد أن يركع و بعد ما رفع رأسه من الركوع.

اپنے مونڈھوں کے برابر اٹھاتے تھے اور جب رکوع میں جانا چاہتے اور رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو بھی اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۷۹-عن ابن عمر أنه كان يرفع يديه إذا دخل في الصلاة و إذا ركع و إذا قال سمع الله لمن حمده و إذا قام من الركعتين يرفعهما.

۷۹-حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع میں جانے لگتے اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور جب دو رکعت پڑھ کر کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

و عن الزهري عن سالم عن عبد الله بن عمر رضي الله عنه مثله.

زہری نے سالم سے اور انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کیا ہے۔

و زاد وكيع عن العمري عن نافع عن ابن عمر عن

اور وکیع عن العمری عن نافع عن ابن عمر کی سند سے جو روایت کی ہے اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں:

۷۹-حدثنا محمد بن عبد الله بن حوشب حدثنا عبد الوهاب حدثنا عبد الله عن نافع عن ابن عمر (الحديث بهذا السند ضعيف و لكنه جاء بسند صحيح رقم: ۲، ۴۰، ۵۱)

Www.IslamicBooks.Website

النبی ﷺ أنه كان يرفع يديه إذا ركع و إذا سجد.

آپؐ جب رکوع میں جانے لگتے اور جب سجدہ میں جانے لگتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۸۰-قال البخاری: و المحفوظ ما روى عبيد الله و أيوب و مالك وابن جريج و الليث و عدة من أهل الحجاز و أهل العراق عن نافع عن ابن عمر فی رفع الأيدی عند الركوع و إذا رفع رأسه من الركوع.

۸۰- امام بخاریؒ کہتے ہیں: لیکن محفوظ وہ روایت ہے جسے عبید اللہ، ایوب، مالک، ابن جریج، لیث اور حجاز و عراق کے علماء نے نافع سے اور انہوں نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت کیا ہے کہ رفع یدین رکوع میں جانے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت ہے.

و لو صح حديث العمری عن نافع عن ابن عمر لم يكن مخالفا للأول، لأن أولئك قالوا إذا رفع رأسه من الركوع فلو ثبت لاستعملنا كليهما و ليس هذا من

اور اگر عمری کی حدیث جسے نافع نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے صحیح تو وہ پہلی حدیث کے مخالف نہیں ہے، کیونکہ ان لوگوں نے یہ کہا ہے کہ جب وہ رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تھے (تو رفع یدین کرتے تھے) پس اگر یہ حدیث ثابت ہے تو ہم دونوں کو استعمال

۸۰- (الأثر بهذا السند صحيح)

Www.IslamicBooks.Website

الـخـلاف الـذى يـخـالـف بـعـضـهـم بـعـضـا، لأن هذه زيـادة فـى الـفـعـل و الزيادة مقبولة إذا ثبت.

کریں گے اور یہ ان اختلافات میں سے نہیں ہے جن میں بعض بعض کی مخالفت کرتا ہے کیونکہ یہ فعل میں زیادتی ہے اور زیادتی قبول کی جائے گی اگر صحیح ثابت ہو جائے۔

۸۱- عـن ابـن عمر و ابن عباس عـن النبى ﷺ قال: لا يـرفـع الأيـدى إلا فـى سبعة مـواطـن: فـى افتتاح الصلاة و استقبال القبلة وعلى الصفا و الـمـروة و بعرفات و بجمع و فى المقامين و عند الجمرتين.

۸۱-عبد اللہ بن عمرؓ اور عبد اللہ بن عباسؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ہاتھ صرف سات جگہوں میں اٹھایا جائے، جب نماز شروع کی جائے اور قبلہ کی طرف منہ کیا جائے، صفا اور مروہ پر، عرفات میں، مزدلفہ میں، دونوں مقام اور دونوں جمروں کے پاس۔

۸۲- عـن ابـن عبـاس رضـى الله عنه عن النبى ﷺ

۸۲-حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی ﷺ سے روایت

۸۱-و قـال و كـيـع عـن ابـن أبـى ليـلـى عـن نافع عن ابن عمر و عن ابن أبي ليلى عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس. (الأثر صحيح فى السند الأول و حسن فى الثانى)

۸۲-و قـال عـلـى بـن مسهـر عن ابن أبى ليلى عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس. (الأثر بهذا السند حسن)

Www.IslamicBooks.Website

و قال شعبة أن الحكم لم يسمع من مقسم إلا أربعة أحاديث ليس فيها هذا الحديث و ليس هذا من المحفوظ عن النبي ﷺ لأن أصحاب نافع خالفوا و حديث الحكم عن مقسم مرسل.

کرتے ہیں، شعبہ کہتے ہیں کہ حکم نے مقسم سے صرف چار حدیثیں سنی ہیں جن میں یہ حدیث نہیں ہے اور نبی ﷺ سے اسے روایت کرنا درست نہیں، اس لئے کہ نافع کے ساتھیوں نے مخالفت کی ہے اور حکم کی حدیث جو کہ مقسم سے مروی ہے مرسل ہے۔

٨٣-و قد روى طاوس و أبو جمرة و عطاء أنهم رأوا ابن عباس رفع يديه عند الركوع و إذا رفع رأسه من الركوع (الأثر صحيح)

٨٣-عطاء طاؤس اور ابو جمرہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا انہوں نے رکوع میں جانے کے وقت اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھایا تو اپنے ہاتھوں کو اٹھایا۔

مع أن حديث ابن أبي ليلى لو صح يرفع يديه في سبعة مواطن لم يقل في

ابن ابی لیلیٰ کی حدیث اگر صحیح مان لی جائے کہ ان سات جگہوں میں ہاتھ اٹھایا جائے، تو وکیع کی حدیث کے بارے میں یہ

Www.IslamicBooks.Website

حديث وكيع لا يرفع إلا في هذ المواطن فترفع في هذه المواطن و عند الركوع و إذا رفع رأسه حتى يستعمل هذه الأحاديث كلها وليس هذا من التضاد.

و قد قال هؤلاء أن الأيدي ترفع في تكبيرات العيدين الفطر و الأضحىٰ و هي أربع عشرة تكبيرة في قولهم و ليس هذا في حديث ابن أبي ليلى، و قال بعض الكوفيين يرفع يديه في تكبيرة الجنازة وهي أربع تكبيرات و هذه كلها زيادة على ابن ابي ليلى. و قد

نہیں کہا جائے گا کہ ان مقامات کے علاوہ میں رفع یدین جائز نہیں، بلکہ ان جگہوں میں ہاتھ اٹھایا جائے گا اور رکوع میں جانے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت بھی ہاتھ اٹھایا جائے گا تا کہ ساری حدیثوں پر عمل ہو سکے اس میں کوئی تضاد نہیں۔

یہ علماء کہتے ہیں کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی تکبیرات جن کی تعداد ان کے قول کے مطابق چودہ ہے ان میں بھی ہاتھوں کو اٹھایا جائے جب کہ یہ ابن ابی لیلی کی حدیث میں نہیں ہے۔ بعض کوفہ کے علماء کہتے ہیں کہ جنازہ کی تکبیرات جن کی تعداد چار ہے، ان میں بھی ہاتھ اٹھایا جائے، یہ بھی ابن ابی لیلی کی حدیث میں نہیں ہے بلکہ اس پر زیادتی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان سات جگہوں کے علاوہ میں

Www.IslamicBooks.Website

روى عن النبي ﷺ من غير وجه في سوى هذه السبعة.

٨٤- عن أنس أن النبي ﷺ كان يرفع يديه في الإستسقاء.

٨٥- عن عائشة أنها رأت النبي ﷺ يدعو رافعا يديه يقول: إنما أنا بشر فلا تعاقبني أيما رجل من المؤمنين آذيته و شتمته فلا تعاقبني فيه.

٨٦- عن أبي هريرة

بھی ہاتھ اٹھانے کے بارے میں کئی طریقوں سے روایتیں آئی ہیں۔

۸۴-حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ استسقاء میں اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۸۵-حضرت عائشہ روایت کرتی ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپ اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر یہ دعا کر رہے تھے: میں ایک انسان ہوں پس تو مجھے سزا نہ دے، اگر کسی مسلمان کو میں نے تکلیف پہنچائی ہو اور اسے برا بھلا کہا ہو تو اس کی وجہ سے مجھے سزا نہ دے۔

۸۶- حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت وہ

٨٤-حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا حماد بن سلمة عن ثابت عن أنس. (الحديث بهذا السند صحيح)

٨٥-حدثنا مسدد حدثنا ابو عوانة عن سماك بن حرب عن عكرمة عن عائشة زعم أنه سمع منها (الحديث بهذا السند ضعيف)

٨٦-حدثنا على حدثنا سفيان عن أبي الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة. (الحديث صحيح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

رضی الله عنه قال: استقبل رسول اللهﷺ القبلة و تهيأ و رفع يديه و قال: اللهم اهد دوسا وأت بهم.

٨٧- عن جابر بن عبد الله أن الطفيل بن عمرو قال للنبیﷺ هل لك فی حصن و منعة، حصن دوس، فأبى رسول اللهﷺ لما ذكر الله للأنصار. وهاجر الطفيل و هاجر معه رجل من قومه فمرض، فجاء إلى قرن فأخذ مشقصا فقطع ودجه فمات، فرآه الطفيل فی المنام فقال

کہتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے قبلہ کی طرف رخ کیا اور تیار ہوئے اور اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر یہ دعا کی: اے اللہ! تو قبیلہ دوس کو ہدایت دے اور انہیں (اسلام کی طرف) لے آ۔

٨٧- حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ طفیل بن عمرو نے نبیﷺ سے کہا کیا آپ قبیلہ دوس کی حفاظت میں آنا چاہیں گے؟ تو رسول اللہﷺ نے انکار کر دیا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ سے یہ کہہ رکھا تھا کہ آپؐ انصار کی حفاظت میں رہیں۔ طفیل اور ان کے ساتھ ان کی قوم کے ایک آدمی نے ہجرت کی، وہ آدمی بیمار پڑا تو ترکش کے پاس آیا اور ایک چوڑے پھل کا تیر لیا اور

٨٧-حدثنا أبو النعمان حماد بن زيد حدثنا حجاج الصواف عن ابی الزبير عن جابر بن عبد الله. (الحديث ضعيف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

ما فعل الله بك؟ قال غفر لي بهجرته إلى النبي ﷺ قال ما شأن يديك؟ قال قيل إنا لن نصلح منك ما أفسدت من نفسك. فقصها الطفيل على النبي ﷺ و قال استغفر ليديه فقال: اللهم و ليديه فاغفر فرفع يديه.

اس سے اپنے رگ کو کاٹ ڈالا اور مر گیا، طفیل نے اس کو خواب میں دیکھا، تو اس سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا کیا؟ اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے نبی ﷺ کی طرف ہجرت کرنے کی وجہ سے معاف کر دیا۔ انہوں نے پوچھا کہ تمہارے ہاتھوں کو کیا ہو گیا ہے؟ اس نے کہا مجھ سے کہا گیا کہ جس چیز کو تو نے خود خراب کر لیا ہے اس کو ہم صحیح نہیں کریں گے، طفیل نے نبی ﷺ سے یہ واقعہ بیان کیا اور آپ ؐ سے گزارش کی کہ اس کے ہاتھوں کیلئے استغفار کریں، آپ ؐ نے اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر یہ دعا کی، اے اللہ! تو اس کے ہاتھوں کو بھی بخش دے۔

٨٨-عن عائشة رضي الله عنها أنها قالت: خرج رسول الله ﷺ ذات ليلة فأرسلت

٨٨-حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک رات گھر سے نکلے، تو میں نے بریرہ ؓ کو آپ ؐ کے پیچھے بھیجا تا

٨٨-حدثنا قتيبة عن عبد العزيز بن محمد عن علقمة بن أبي علقمة عن أمه عن عائشة. (الحديث حسن بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

بـريـرة فـى أثـره لتـنـظـر أين يـذهـب فسـلـك نحو البقيع الغرقد فوقف فى أدنى البقيع ثـم رفـع يـديــه ثم انصرف، فرجعت بريرة فأخبرتنى فلما أصبحـت سـألتـه فقلت: يا رسـول الـلّـه أين خـرجـت الـلـيـلـة؟ قال: بعثت إلى أهل البقيع لأصلى عليهم.

۸۹-عـن مـحـمـد بـن إبـراهـيـم التيـمـى قـال: أخبـرنـى مـن رأى الـنبـى ﷺ يـدعـو عـنـد أحـجـار الزيت باسطا كفيه.

کہ دیکھے آپؐ کہاں جارہے ہیں، آپؐ بقیع غرقد کی طرف چلے پھر آپؐ بقیع کے قریب کھڑے ہوگئے اور اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر دعا کی، پھر پلٹ آئے، بریرہؓ بھی واپس آ گئی اور مجھے بتایا جب صبح ہوئی تو میں نے آپؐ سے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ رات میں کہاں گئے تھے؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے بقیع والوں کے پاس بھیجا گیا تھا تا کہ میں ان کیلئے دعا کروں۔

۸۹-محمد بن ابراہیم تیمی نے بیان کیا کہ مجھے اس شخص نے خبر دی جس نے نبی ﷺ کو احجار زیت کے پاس اپنی ہتھیلیوں کو پھیلا کر دعا کرتے ہوئے دیکھا تھا۔

۸۹-حدثنا مسلم حدثنا شعبة عن عبد ربه بن سعيد عن محمد بن إبراهيم التيمى قال أخبرنى من النبى ﷺ. (الحديث صحيح بهذا الحديث)

Www.IslamicBooks.Website

۹۰- عن عائشة قالت: رأيت رسول الله ﷺ رافعا يديه حتى بدأ ضبعيه يدعو فرد عثمان.

۹۰- حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہوئے دیکھا یہاں تک کہ آپؐ کا دونوں بغل ظاہر ہو گیا، پھر حضرت عثمانؓ لوٹا دئے گئے۔ (غالباً یہ اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے جب صلح حدیبیہ کے موقعہ پر نبی ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا تھا اور ان کی شہادت کی افواہ پھیل گئی تھی پھر آپ نے عثمانؓ کا بدلہ لینے کیلئے بیعت لی جو بیعت رضوان کے نام سے مشہور ہے، آپؐ نے ہاتھ اٹھا کر عثمانؓ کی واپسی کیلئے اللہ سے دعا کی تھی)۔

۹۱- عن أبي هريرة رضي الله عنه قال ذكر النبي ﷺ الرجل يطيل السفر أشعث أغبر يمد يديه إلى الله عز و جل: يا رب يا رب و

۹۱- حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے اس آدمی کا ذکر کیا جو لمبا سفر کرتا ہے جس کے بال پراگندہ اور غبار آلود ہیں، وہ اپنے ہاتھوں کو پھیلا کر اللہ سے دعا کرتا ہے اور کہتا ہے، اے رب! اے رب!

۹۰- حدثنا يحي بن موسى حدثنا عبد الحميد حدثنا إسماعيل هو ابن عبد الملك عن ابن أبي مليكة عن عائشة. (الحديث حسن بهذا السند)

۹۱- حدثنا أبو نعيم حدثنا فضيل بن مرزوق عن عدى بن ثابت عن ابى حازم عن أبى هريرة. (الحديث حسن بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

مطعمه حرام و مشربه حرام و ملبسه حرام و غذی بالحرام فأنی یستجاب لذلك.

۹۲-عن علی قال: رأیت امرأة الولید جاءت إلی النبی ﷺ تشکو إلیه زوجها أنه یضربها فقال لها اذهبی فتقول له کیت و کیت، فذهبت ثم رجعت فقالت له عاد یضربنی فقال لها اذهبی فتقول له أن النبی ﷺ یقول لك، فذهبت ثم عادت فقالت إنه یضربنی فقال لها اذهبی فتقول له کیت

حالانکہ اس کا کھانا حرام ہے، اس کا پینا حرام ہے، اس کا پہننا حرام ہے، اس کی غذا حرام ہے، پھر اس کی دعا کہاں سے قبول ہوگی!!

۹۲-حضرت علیؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ولید کی بیوی کو دیکھا، وہ نبی ﷺ کے پاس آئیں اور اپنے شوہر کی شکایت کرنے لگیں کہ وہ ان کو مارتے ہیں، آپؐ نے فرمایا کہ تم جاؤ اور ان سے کہو کہ نبی ﷺ نے ایسا ایسا کہا ہے، چنانچہ وہ گئیں، پھر واپس آئیں اور کہنے لگیں کہ وہ پھر مجھے مارتے ہیں، آپؐ نے ان سے فرمایا کہ تم جاؤ اور ان سے کہو کہ اللہ کے نبی ﷺ تم سے یہ کہتے ہیں، چنانچہ وہ گئیں پھر واپس آئیں اور کہنے لگیں کہ وہ مجھے مارتے ہیں آپؐ نے فرمایا تم جاؤ اور ان

۹۲-أخبرنا مسلم أنبأنا عبد الله بن داود عن نعیم بن حکیم عن أبی مریم عن علی. (الحدیث ضعیف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

و كيت فقالت له يضربني، فرفع رسول الله ﷺ يده و قال: اللهم عليك بالوليد.

۹۳–عن أنس قال: قحط المطر عاما فقام بعض المسلمين إلى النبى ﷺ يوم الجمعة فقال يا رسول الله قحط المطر وأجدبت الارض و هلك المال، فرفع يديه و ما نرى فى السماء سحابة فمد يديه حتى ريت بياض إبطيه يستسقى الله عزو جل فما صلينا الجمعة حتى أهم الشاب القريب

سے ایسا ایسا کہہ دو، (وہ پھر آئیں) اور کہنے لگیں کہ وہ مجھے مارتے ہیں، تو نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور کہا اے اللہ! تو ولید کو پکڑ۔

۹۳–حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک سال قحط پڑا تو مسلمانوں میں سے ایک شخص جمعہ کے دن نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا اے اللہ کے رسولؐ! بارش رک گئی ہے اور زمین خشک ہو گئی ہے اور مال تباہ ہو گیا ہے۔ آپؐ نے اپنا ہاتھ اٹھایا، اس وقت آسمان میں بادل نہیں تھا آپؐ نے اپنے ہاتھوں کو پھیلایا یہاں تک کہ میں نے آپؐ کے بغل کی سفیدی دیکھی، آپؐ اللہ تعالیٰ سے پانی برسنے کیلئے دعا کرنے لگے، ہم نے ابھی

۹۳–حدثنا محمد بن سلام حدثنا إسماعيل بن جعفر عن حميد عن أنس. (الحديث ضعيف ولكنه ثبت عن أنس رضى الله عنه من طرق كثيرة)

Www.IslamicBooks.Website

الـدار بـالـرجـوع إلى أهلـه فـدامـت جمعة حتى كانت الـجـمـعـة التى تليها قال يا رسـول الـلّٰه تهمدت البيوت و جلـس الـركبـان فتبسم لسرعـة ملالة ابن آدم و قال بيده اللهم حوالينا و لا علينا فتكشطت عن المدينة.

جمعہ کی نماز پڑھی نہیں تھی کہ اتنی بارش ہوئی کہ ایک ایسے جوان آدمی کیلئے بھی اپنے گھر والوں تک پہنچنا دشوار ہو گیا جس کا گھر مسجد سے قریب تھا، یہ بارش اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک مسلسل ہوتی رہی۔ (دوسرے جمعہ کو پھر) اس شخص نے کہا اے اللہ کے رسولؐ! گھر گر گئے اور سواری کرنے والے گھروں میں بیٹھ گئے (لہٰذا اللہ سے دعا کیجئے کہ پانی ہم پر روک دے) آپؐ ابن آدم کی جلد اکتاہٹ پر مسکرانے لگے اور اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر یہ دعا کی، اے اللہ! ہمارے اردگرد برسا اور ہم پر نہ برسا، پھر (آپؐ کی دعا سے) مدینہ سے بادل بکھر گئے (اور مدینہ کھل گیا)۔

٩٤-حـدثـنى أبو عثمان قـال: كـنـا نـجئ و عمر يؤم الـنـاس ثـم يـقـنـت بنـا عند

۹۴- ابو عثمان بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ ہمیں نماز پڑھاتے پھر رکوع کے وقت اپنا ہاتھ اٹھاتے اور ہتھیلیوں کو

٩٤-حـدثـنـا مسـدد حـدثنا يحى بن سعيد عن جعفر حدثنى أبو عثمان. (الحديث موقوف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

الركوع يرفع يديه حتى يبدو كفاه و يخرج ضبعيه.

۹۵-عن أبی عثمان قال: كان عمر يرفع يديه فی القنوت.

٩٦-عن عبد الله أنه كان يقرأ فی آخر ركعة من الوتر "قل هو الله" ثم يرفع يديه فيقنت قبل الركعة.

قال البخاری: و هذه الأحاديث كلها صحيحة عن رسول الله ﷺ و أصحابه لا يخالف بعضها بعضا و ليس فيها

پھیلا کر دعاء قنوت پڑھاتے یہاں تک کہ ان کا بغل ظاہر ہو جاتا۔

۹۵-ابو عثمان کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ قنوت میں اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۹۶-حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ وہ وتر کی آخری رکعت میں "قل ھو اللہ احد" پڑھتے پھر رکوع سے پہلے اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر قنوت پڑھتے۔

امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ یہ سب حدیثیں ہیں جو کہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ سے ثابت ہیں، نہ ان میں سے بعض بعض کی مخالف ہے اور نہ ان میں تضاد ہے، اس

۹۵-حدثنا قبيصة حدثنا سفيان عن ابی علی هو جعفر بن ميمون بياع الأنماط قال سمعت أبا عثمان. (الحديث موقوف على عبد الرحمن بن مل)

٩٦-حدثنا عبد الرحيم المحاربی حدثنا زائدة عن ليث عن عبد الرحمٰن بن الأسود عن أبيه عن عبد الله. (الحديث ضعيف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

متضاد لأنها فی مواطن مختلفة.

قال ثابت عن أنس: ما رأیت النبی ﷺ یرفع یدیه فی الدعاء إلا فی الإستسقاء فأخبر أنس بما کان عنده ما رأی من النبی ﷺ و لیس هذا بمخالف لرفع الأیدی فی أول التکبیرة.

و قد ذکر أنس رضی الله عنه أیضا أن النبی ﷺ کان یرفع یدیه إذا کبر و إذا رکع و قوله "فی الدعاء" سوی الصلاة و سوی رفع الأیدی فی القنوت.

٩٧ - عن أنس رضی

لئے کہ وہ مختلف مقامات پر آئی ہیں۔

ثابت حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دعا میں ہاتھ اٹھاتے ہوئے نہیں دیکھا سوائے استسقاء میں۔ یہاں حضرت انسؓ نے جو دیکھا وہ بیان کیا لیکن یہ تکبیر اولی میں رفع یدین کے مخالف نہیں ہے۔

حضرت انسؓ سے یہ بھی روایت آئی ہے کہ نبی ﷺ جب تکبیر (تحریمہ) کہتے اور جب رکوع میں جانے لگتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔ ان کا قول "فی الدعاء" نماز اور قنوت میں رفع یدین کے علاوہ ہے۔

٩٧- حضرت انسؓ روایت کرتے

٩٧- حدثنا محمد بن بشار عن یحی بن سعید عن حمید عن أنس. (الحدیث صحیح بهذا السند)

اللـه عنه أنـه كـان يرفع يديه عند الركوع.

۹۸- عـن مـالك بـن الحويرث رضى الله عنه قال كان النبى ﷺ يرفع يديه إذا كبر و إذا ركـع و إذا رفـع رأسه من الركوع حذاء أذنيه.

قـال البخـارى: و الذى يـقـول كـان الـنبى ﷺ يرفع يـديـه عند الركوع و إذا رفع رأسـه مـن الـركـوع و ما زاد عـلـى ذلك أبـو حـميد فى عشـرة مـن أصـحـاب الـنبى ﷺ كان يرفع يديه إذا

ہیں کہ وہ رکوع کے وقت اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۹۸- حضرت مالک بن حویرثؓ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ نبی ﷺ جب تکبیر (تحریمہ) کہتے اور جب رکوع میں جانے لگتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اپنے کانوں کے برابر اٹھاتے۔

امام بخاریؒ کہتے ہیں: جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ رکوع کے وقت اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے، اسی طرح ابو حمید کی روایت میں جو یہ زیادتی ہے کہ نبی ﷺ کے دس صحابہؓ اپنے ہاتھوں کو اس وقت اٹھاتے تھے جب دو رکعت پڑھ کر کھڑے ہوتے،

۹۸- حدثنا آدم بن أبى إياس حدثنا شعبة حدثنا قتادة عن نصر بن عاصم عن مالك بن الحويرث. (الحديث صحيح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

قام من السجدتين، كله صحيح، لأنهم لم يحكوا صلاة واحدة فيختلفوا فى تلك الصلاة بعينها مع أنه لا اختلاف فى ذلك، إنما زاد بعضهم على بعض، و الزيادة مقبولة من أهل العلم، و الذى قال أبو بكر بن عياش عن حصين عن مجاهد قال: ما رأيت ابن عمر يرفع يديه فى شئ من الصلاة إلا فى التكبيرة الأولى، فقد خولف فى ذلك عن مجاهد.

قال وكيع عن الربيع بن صبيح قال: رأيت مجاهدا يرفع يديه إذا

یہ سب صحیح ہیں، اس لئے کہ انہوں نے صرف ایک نماز کے بارے میں نہیں بیان کیا ہے کہ بعینہ اسی ایک نماز کے بارے میں وہ اختلاف کرر ہے ہوں۔ حالانکہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ بعض نے بعض سے کچھ زیادہ بیان کیا ہے اور اس زیادتی کو اہل علم نے قبول کیا ہے۔ اور ابو بکر بن عیاش نے حصین سے اور انہوں نے مجاہد سے جو روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے ابن عمرؓ کو نماز میں ہاتھ اٹھاتے ہوئے نہیں دیکھا سوائے تکبیر اولیٰ میں تو مجاہد سے اس سے مختلف روایت بھی آئی ہے۔

وکیع ربیع بن صبیح سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے مجاہد کو دیکھا جب وہ رکوع میں جانے لگتے اور جب

Www.IslamicBooks.Website

ركع و إذا رفع رأسه من الركوع .

و قال جرير عن ليث عن مجاهد أنه كان يرفع يديه و هذا أحفظ عند أهل العلم.

قال صدقة: إن الذى يروى حديث مجاهد عن ابن عمر رضى الله عنه أنه لم يرفع يديه إلا فى أول التكبيرة. كان صاحبه فقد تغير بآخره و الذى رواه الربيع و ليث أولى. مع أن طاؤسا و سالما و نافعا و أبا الزبير و محارب بن دثارو غيرهم قالوا: رأينا ابن عمر يرفع يديه إذا كبر و إذا ركع.

رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

جریر، لیث سے روایت کرتے ہیں کہ مجاہد اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔ اہل علم کے نزدیک یہ زیادہ صحیح ہے۔

صدقہ کہتے ہیں کہ جس نے مجاہد کی اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ ابن عمرؓ نے صرف تکبیر اولیٰ میں ہاتھ اٹھایا ہے۔ اس کا حافظہ آخری عمر میں خراب ہو گیا تھا اور ربیع اور لیث نے جو روایت کیا ہے وہ زیادہ بہتر ہے۔ اس کے علاوہ طاؤس، سالم، نافع، ابوزبیر اور محارب بن دثار وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ ہم نے ابن عمرؓ کو دیکھا جب تکبیر (تحریمہ) کہتے اور جب رکوع میں جانے لگتے تو اپنے ہاتھ کو اٹھاتے تھے۔

Www.IslamicBooks.Website

۹۹-حدثنا تمام بن نجيح قال: نزل عمر بن عبد العزيز على باب خلف فقال انطلقوا بنا نشهد الصلاة مع أمير المؤمنين فصلى بنا الظهر و العصر و رأيته رفع يديه حين ركع.

۱۰۰-عن عبد الله بن عمر رضى الله عنه قال: رأيت رسول الله ﷺ إذا قام فى الصلاة رفع يديه حتى يكونا حذو منكبيه و كان يفعل ذلك إذا رفع رأسه من الركوع فيقول سمع

۹۹- تمام بن نجیح نے بیان کیا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ خلف کے دروازہ پر اترے، انہوں نے کہا کہ ہمیں لے چلو، ہم امیر المؤمنین کے ساتھ نماز پڑھیں گے، پھر انہوں نے ہمیں ظہر اور عصر کی نماز پڑھائی، میں نے ان کو رکوع میں جانے کے وقت ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھا۔

۱۰۰- حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپؐ نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے مونڈھوں کے برابر اٹھاتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو اسی طرح کرتے تھے

۹۹-قال مبشر بن إسماعيل حدثنا تمام بن نجيح. (الأثر ضعيف بهذا السند)

۱۰۰-حدثنا محمد بن مقاتل أنبأنا يونس عن الزهرى حدثنا سالم عن عبد الله بن عمر. (الحديث صحيح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

اللّٰـه لمن حمده و لا يفعل ذلك فى السجود.

اور جب سجدہ میں جاتے تو اپنے ہاتھوں کو نہیں اٹھاتے تھے۔

۱۰۱ –عن يحى بن أبى إسحاق قال: رأيت أنس بن مالك رضى اللّٰـه عنه يرفع يديه بين السجدتين.

۱۰۱– یحییٰ بن ابو اسحاق نے روایت کیا کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ کو دونوں سجدوں کے درمیان ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھا۔

قـال البـخارى و حديث النبى ﷺ أولى.

امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کی حدیث کو لینا زیادہ بہتر ہے۔

۱۰۲ –عن سالم بن عبد اللّٰـه قـال: سنـة رسول الله أحق أن تتبع.

۱۰۲– سالم بن عبد اللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی سنت کی اتباع کرنا زیادہ ضروری ہے۔

۱۰۳ – عن مجاهد قال:

۱۰۳– مجاہد سے روایت ہے انہوں نے کہا

---

۱۰۱ –حدثنا موسى بن إسماعيل حدثنا حماد بن سلمة عن يحى بن أبى إسحاق قال رأيت انس بن مالك ...... (الحديث موقوف على انس)

۱۰۲ –حدثنا على بن عبد الله حدثنا سفيان حدثنا عمرو بن دينار عن سالم بن عبد الله. (الأثر صحيح)

۱۰۳ –حدثنا قتيبة حدثنا سفيان عن عبد الكريم عن مجاهد. (الأثر صحيح)

Www.IslamicBooks.Website

ليس أحد بعد النبي ﷺ إلا يؤخذ من قوله و يترك إلا النبي ﷺ.

١٠٤ – حدثنا الهزيل بن سليمان أبو عيسى قال: سألت الأوزاعي قلت يا أبا عمرو ما تقول في رفع الأيدي مع كل تكبيرة و هو قائم في الصلاة؟ قال ذلك الأمر الأول.

و سئل الأوزاعي و أنا أسمع عن الإيمان؟ فقال يزيد و ينقص، فمن زعم أن الإيمان لا يزيد و لا ينقص فهو صاحب بدعة فاحذروه.

١٠٥ – عن جرير بن حازم

کہ نبی ﷺ کے بعد کوئی ایسا شخص نہیں جس کے ہر قول کو لیا جائے، نبی ﷺ کے علاوہ ہر شخص کے قول کو لیا بھی جائے گا اور چھوڑ بھی دیا جائے گا۔

۱۰۴- ہزیل بن سلیمان ابو عیسیٰ نے بیان کیا کہ میں نے اوزاعی سے کہا کہ اے ابو عمرو! جب آدمی نماز میں کھڑا ہو تو ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ یہی امر اوّل ہے۔

اوزاعی سے ایمان کے بارے میں پوچھا گیا اور میں سن رہا تھا، انہوں نے کہا کہ ایمان بڑھتا اور گھٹتا ہے، پس جس نے یہ گمان کیا کہ ایمان بڑھتا اور گھٹتا نہیں ہے وہ بدعتی ہے اس سے بچو۔

۱۰۵- جریر بن حازم سے روایت ہے، وہ

١٠٥ – حدثنا محمد بن عرعره حدثنا جرير بن حازم قال سمعت نافعا قال: (الحديث موقوف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

قال: سمعت نافعا قال: كان ابن عمر إذا كبر على الجنازة رفع يديه.

١٠٦ - عن نافع عن ابن عمر أنه قال يرفع يديه في كل تكبيرة على الجنازة و إذا قام من الركعتين.

١٠٧ -عن يحيٰ بن سعيد أن نافعا أخبره أن عبد الله بن عمر كان إذا صلى على الجنازة رفع يديه.

کہتے ہیں کہ میں نے نافع کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب جنازہ کی نماز میں اللہ اکبر کہتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۱۰۶-نافع نے روایت کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے نماز جنازہ کی ہر تکبیر میں اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔ اور (چار رکعت والی نماز میں) جب دو رکعت پڑھ کر کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۱۰۷-یحییٰ بن سعید نافع سے روایت کرتے ہیں ان کا بیان ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب جنازہ کی نماز پڑھتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

١٠٦ - حدثنا علي بن عبد الله حدثنا عبد الله بن إدريس قال: سمعت عبد الله عن نافع. (الحديث موقوف على ابن عمرؓ بهذا السند)

١٠٧ -قال أحمد بن يونس حدثنا زهير حدثنا يحى بن سعيد أن نافعا أخبره. (الحديث موقوف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

۱۰۸-حدثنا عمر بن أبي زائدة قال: رأيت قيس بن أبي حازم كبر على جنازة فرفع يديه في كل تكبيرة.

۱۰۸-عمر بن ابوزائدہ نے بیان کیا کہ میں نے قیس بن ابوحازم کو دیکھا انہوں نے جنازہ کی نماز میں اللہ اکبر کہا اور ہر تکبیر میں اپنا ہاتھ اٹھایا۔

۱۰۹-عن موسى بن دهقان قال: رأيت أبان بن عثمان يصلي على الجنازة يرفع يديه في أول تكبيرة.

۱۰۹-موسیٰ بن دہقان نے بیان کیا کہ میں نے ابان بن عثمان کو جنازہ کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا، وہ پہلی تکبیر میں اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۱۱۰-حدثنا أبو الغصن قال: رأيت نافع بن جبير يرفع يديه في كل تكبيرة على الجنازة.

۱۱۰-ابوالغصن کا بیان ہے کہ میں نے نافع بن جبیر کو دیکھا، وہ جنازہ کی نماز میں ہر تکبیر میں اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۱۰۸-حدثناأبو الوليد حدثنا عمر بن أبي زائدة.(الأثر بهذا السند حسن)

۱۰۹-حدثنا محمد بن أبي بكر المقدمي حدثنا أبو معشر يوسف البراء عن موسى بن دهقان.(الأثر ضعيف بهذا السند)

۱۱۰-حدثنا علي بن عبد الله و إبراهيم بن المنذر قالا:حدثنا معن بن عيسى حدثنا أبو الغصن. (الأثر بهذا السند حسن)

Www.IslamicBooks.Website

١١١-عن غيلان بن أنس قال: رأيت عمر بن عبد العزيز يرفع يديه مع كل تكبيرة (يعني على الجنازة)

١١٢-حدثنا عبد اللّٰه بن العلاء قال: رأيت مكحولا يصلى على الجنازة يكبر عليها أربعا و يرفع يديه مع كل تكبيرة.

١١٣-حدثنا أبو مصعب صالح بن عبيد قال: رأيت وهب بن منبه يمشي مع جنازة فكبر

۱۱۱-غیلان بن انس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن عبدالعزیزؒ کو دیکھا، وہ جنازہ کی نماز میں ہر تکبیر کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۱۱۲-عبداللہ بن علاء نے بیان کیا کہ میں نے مکحول کو جنازہ کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا، وہ چار تکبیریں کہتے تھے اور ہر تکبیر کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

۱۱۳-ابومصعب صالح بن عبید نے بیان کیا کہ میں نے وہب بن منبہ کو دیکھا وہ ایک جنازہ کے ساتھ چل رہے تھے، پھر انہوں نے (نماز جنازہ میں)

١١١-حدثنا محمد بن المثنى حدثنا الوليد بن مسلم قال سمعت الأوزاعي عن غيلان بن أنس.(ا لأثر موقوف بهذا السند)

١١٢-حدثنا علي بن عبد اللّٰه حدثنا زيد بن الحباب حدثنا عبد اللّٰه بن العلاء.(الأثر موقوف بهذا السند)

١١٣-حدثنا علي بن عبد اللّٰه حدثنا أبو مصعب صالح بن عبيد.(ا لأثر ضعيف بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

أربعا يرفع يديه مع كل تكبيرة.

چار تکبیریں کہیں، وہ ہر تکبیر کے ساتھ اپنے ہاتھ کو اٹھایا۔

١١٤-أنبأنا معمر عن الزهری أنه كان يرفع يديه مع كل تكبيرة على الجنازة.

۱۱۴-معمر نے بیان ہے کیا کہ زہری نماز جنازہ میں ہر تکبیر کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

١١٥-عن حماد سألت إبراهيم فقال يرفع يديه مع أول تكبيرة.

۱۱۵-حماد روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابراہیم نخعی سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ پہلی تکبیر کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

و خالفه محمد بن جابر عن حماد عن إبراهيم عن علقمة عن عبد الله عن ابى بكر و عمر رضى الله عنهما.

محمد بن جابر کی روایت جو "عن حماد عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله عن ابى بكر عمر (رضی اللہ عنہما) کی سند سے آئی ہے اس سے مختلف ہے۔

قال البخاری: و حديث

امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ اہل علم کے

١١٤-حدثنا على بن عبد الله حدثنا عبد الرزاق أنبأنا معمر عن الزهری. (الأثر بهذا السند صحيح)

١١٥-و قال و كيع عن سفيان عن حماد. (الأثر معلق بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

الثوری أصح عند أهل العلم مع أنه قد روی عن عمر رضی الله عنه عن النبی ﷺ من غیر وجه أنه رفع.

١١٦ -قال علی ما رأیت أحدا من مشایخنا إلا یرفع یدیه فی الصلاة. قال البخاری قلت له سفیان کان یرفع یدیه،قال نعم.

١١٧ -قال البخاری قال أحمد بن حنبل:رأیت معتمرا و یحی بن سعید و عبد الرحمٰن و إسماعیل یرفعون أیدیهم عند الرکوع و إذا رفعوا رؤوسهم. (الأثر صحیح بهذا السند)

نزدیک ثوری کی حدیث زیادہ صحیح ہے، اس کے علاوہ حضرت عمرؓ سے کئی سندوں سے یہ روایت آئی ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے ہاتھوں کو اٹھایا ہے۔

۱۱۶-علی کہتے ہیں کہ میں نے اپنے مشائخ میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ وہ نماز میں ہاتھ نہ اٹھاتا ہو، میں نے ان سے پوچھا کہ کیا سفیان اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے؟انہوں نے کہاہاں۔

۱۱۷- امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ امام احمد بن حنبلؒ نے کہا کہ میں نے معتمر، یحییٰ بن سعید، عبد الرحمٰن اور اسماعیل کو دیکھا وہ رکوع کے وقت اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔

١١٦ -حدثنا محمد بن یحی قال علی. (الأثر صحیح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

١١٨-عن الأشعث قال كان الحسن يرفع يديه في كل تكبيرة على الجنازة.

۱۱۸- اشعث سے روایت ہے کہ حسن جنازہ کی نماز میں ہر تکبیر میں اپنے ہاتھ کو اٹھاتے تھے۔

تمت

١١٨-حدثنا علي بن عبد الله حدثنا ابن أبي عدي عن الأشعث. (الأثر صحيح بهذا السند)

Www.IslamicBooks.Website

صلوٰۃ التراویح

یہ کتاب علامہ محمد ناصر الدین البانیؒ کی معرکۃ الآراء تصنیف ہے، آپ کی یہ کتاب علمی دنیا میں اپنی دینی و علمی اہمیت اور افادیت کی بناء پر عوام و خواص میں بیحد مقبول ہوئی، اب ادارہ الدار السّلفیہ نے نہایت اہتمام کے ساتھ اردو دانوں کی آسانی کیلئے اس کا اردو ایڈیشن پیش کیا ہے۔

علامہ البانی رحمہ اللہ نے تراویح کی بابت اس کے تمام گوشوں کو صحیح احادیث نبویہ اور آثار صحابہ کی روشنی میں مدلل اور مفصل طور پر بیان کر دیا ہے جس کے ذریعے تراویح کی بابت مسلمانوں کے مختلف طبقات میں پھیلی ہوئی غلط فہمیوں کا پوری طرح سے ازالہ ہو سکتا ہے۔ یہ کتاب اپنے موضوع میں انتہائی مستند اور فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے، جس میں تراویح سے متعلق ہر مسئلے کا حل دوٹوک انداز میں پیش کیا گیا، عوام و خواص کیلئے اس کا مطالعہ انتہائی مفید اور تسلی و تشفی کا باعث ہے۔

سائز: 20×30 تعداد صفحات: 136

ملنے کا پتہ

دار العلم ممبئی

Www.IslamicBooks.Website

DARUL ILM
PUBLISHERS & DISTRIBUTORS

242, J.B.B. Marg, (Belasis Road),
Nagpada, Mumbai-8 (INDIA)
Tel.: (+91-22) 2308 8989, 2308 2231
fax :(+91-22) 2302 0482
E-mail : ilmpublication@yahoo.co.in

₹50/-

Www.IslamicBooks.Website